SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر III مجریہ ۱۹۸۶

SINDH ACT NO.III OF 1986

سندھ فنانس ایکٹ، ۱۹۸۶

THE SINDH FINANCE ACT, 1986

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۸۹۹ کے ایکٹ II کی ترمیم

Amendment of Act II of 1899

۳۔ ۱۹۵۸ کے W.P Act X کی دفعہ ۳ کی ترمیم

Amendment of Section 3 of W.P Act X of 1958

۴۔ ۱۹۶۳ کے W.P Act IX کی منسوخی

Repeal of W.P. Act IX of 1963

سندھ ایکٹ نمبر III مجریہ ۱۹۸۶

SINDH ACT NO.III OF 1986

سندھ فنانس ایکٹ، ۱۹۸۶

THE SINDH FINANCE ACT, 1986

[۳۰ جون ۱۹۸۶]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کی توسط سے صوبے سندھ میں کن محصولوں کو معقول بنایا اور کن محصولوں کو ختم کیا جائے گا اور کچھ قوانین میں ترمیم کی جائے گی۔
جیسا کہ صوبے سندھ میں کن محصولوں کو معقول بنانے اور کن محصولوں کو ختم کرنے اور کچھ قوانین میں ترمیم لانا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛
اس کو اس طرح نافذ کیا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ فنانس ایکٹ، ۱۹۸۶ کہا جائے گا۔
(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا اور پہلی جولائی ۱۹۸۶ سے نافذالعمل ہوگا۔

۱۸۹۹ کے ایکٹ II کی ترمیم

Amendment of Act II of 1899

۲۔ اسٹیمپ ایکٹ، ۱۸۹۹ میں، صوبے سندھ میں نافذ کرنے کے لیئے، دفعہ ۲۷ کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گی:
(شہری غیر منقولہ جائیداد کی قیمت طے کرنا)
"27-A۔ جب کسی چیز پر شیڈول پہلے کے آرٹیکل ۲۳ یا آرٹیکل ۳۱ کے تحت محصول لیا جاتا ہے، جائیداد کی قیمت مخصوص علاقے یا مقامی جگہ پر کلیکٹر کی طرف سے بتائی گئی قیمت والی ٹیبل کے تحت لگائی جائے گی۔

بشرطیکہ قیمت والی ٹیبل میں قیمت بتائی گئی قیمت ایسی جائیداد پر لاگو ہو، جو محسہس ہو کہ زیادہ ہے، تو کمشنر متاثرہ شخص کی درخواست پر غور کر کہ، صحیح نرخ مقرر کر سکتا ہے اور اس مقصد کے لیئے دفعہ ۳۱ اور دفعہ ۳۲ کی گنجائشیں ضروری تبدیلی کے ساتھ نافذہوں گی۔"۔

(b)آرٹیکل ۲۳ کے پہلے شیڈول میں اس کو متبادل بنایا جائے گا:

"۲۳۔ کنوینس ٹرانسفر (Conveyance Transfer) جیسے دفعہ (۱۰)۲ میں بتایا گیا ہے، نمبر ٦٢ کے تحت لیئے جائیں گے اور ان پر چھوٹ دی جائے گی:

(a)غیر منقولہ جائیداد کی صورت میں جو زرعی زمین یا زرعی مقاصد کے علاوہ ہو اور شہری ایراضی ہو۔	ہر ایک سو روپے یا اس کے کس حصے کے لیئے آٹھ روپے، جائیداد کی قیمت کے تحت۔
کسی دیگر صورت میں	ہر ایک سو روپے یا اس کے کس حصے کے لیئے چھہ روپے، جائیداد کی قیمت کے تحت۔

وضاحت: شق (a) "شہری ایریا" مطلب ہے:

(i)سرکار کی طرف سے غیر منقولہ جائیداد ٹیکس ٹیکس ایکٹ، ۱۹۵۸ کی دفعہ ۳ کے تحت بتائی گئی ایراضی؛ یا

(ii)وہ ایراضی جو ایسی زمین سے وابستہ ہو، جس کو عمارت کی سائیٹ کے طور پر لیا گیا ہو، یا اس سے شامل ہو اور جس کو سرکار کی طرف سے شہری ایراضی قرار دیا گہا ہو۔

W.P ۱۹۵۸ کے Act X کی دفعہ ۳ کی ترمیم

Amendment of Section 3 of W.P Act X of 1958

۳۔سندھ انٹرٹینمنٹ ڈیوٹی ایکٹ، ۱۹۵۸ کی دفعہ ۳ کی ذیلی دفعہ (۱) کے لیئے سوائے مندرجہ ذیل شرطیہ بیانوں اور وضاحت کے، مندرجہ ذیل دفعہ تبدیل کی جائے گی:

W.P ۱۹٦۳ کے Act IX کی منسوخی

Repeal of W.P. Act IX of 1963

"(۱) تفریح کے لیئے داخل ہونے پر ۷۵ فیصد ڈیوٹی لگائی جائے گی، جو سرکار کو دی جائے گی۔"۔

۴۔ سندھ فنانس ایکٹ، ۱۹۶۳ کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔